© rasailojaraid.com



# دعوتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم مراحل ومنہاج

## (سیرت نگاری کا اہم عصری رجحان)

حافظ محمد سجاد*

اللہ تعالی نے انسان کو پیدا کیا اوراس کی جسمانی اور روحانی ضرورتوں کا اہتمام بھی کیا۔اس کائنات کو اللہ تعالی نے انسان کے لیے مسخر کر دیا تا کہ وہ اپنی مادی ضرورتوں کو پورا کر سکے ۔ انسان کی روحانی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنی ہدایت کے ساتھ انبیاء کرام مبعوث فرمائے تا کہ وہ انسانوں کو نیکی کی دعوت دیں اور برائی سے منع کریں۔ عالم انسانیت کو زندگی کی حقیقت سے روشناس کرائیں۔ انہیں زندگی کے معنی اور اس کے مقاصد سے آشنا کریں۔ انہیں جینے کے طریقے سکھائیں اور اصول تمدن کی تعلیم دیں۔ ارشاد ربانی ہے:

رُسُلاً مُّبَشِّرِیْنَ وَمُنْذِرِیْنَ لِئَلَّا یَکُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَی اللّٰہِ حُجَّۃٌ بَعْدَ الرُّسُلِ وَکَانَ اللّٰہُ عَزِیْزًا حَکِیْمًا (۱)

اور ہم نے بھیجے اپنے رسول خوشخبری دیتے ہوئے اور ہوشیار کرتے ہوئے تا کہ لوگوں کے پاس ان رسولوں کے بعد اللہ تعالی کے خلاف کوئی عذر باقی نہ رہے اور اللہ تعالیٰ غالب اور حکمت والا ہے۔

اللہ تعالی نے سب سے آخر میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم النبیین بنا کر مبعوث فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے دو پہلو ہیں۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دو بعثوں کے ساتھ مبعوث فرمایا۔ ایک بعثت خاص ہے یعنی اہل عرب کی طرف اور اس بعثت کی ذمہ داری یعنی دعوت وتبلیغ واتمام حجت آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے براہ راست انجام دی اور دوسری بعثت عام، جو تمام دنیا کی طرف ہے۔ اس کی ذمہ داریاں ادا کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک امت عطا فرمائی اور اس امت کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس دینِ حق کا پیغام تم تک پہنچایا ہے اس کی دعوت وتبلیغ اسی طرح اور اسی طریق سے تم دوسروں کو بھی کرتے رہو۔ ارشاد ہوتا ہے:

کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّۃٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ (۲)

* ایسوسی ایٹ پروفیسر، چیئرمین شعبہ اسلامی فکر، تاریخ وثقافت، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد، پاکستان۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



''تم بہترین امت ہو جو لوگوں کے لیے برپا کئے گئے ہو نیکی کا حکم دیتے ہوئے برائی سے روکتے ہو۔اور اللہ پر ایمان لاتے ہو۔''

قرآن مجید اور رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات سے یہ بات واضح ہے کہ دعوت وتبلیغ اس امت کی اصل ذمہ داری ہے۔اسی بناء پر علماء نے اس کو امت مسلمہ کے لیے واجب قرار دیا ہے۔سلف سے خلف تک کوئی بھی صاحبِ علم ایسا نہیں ہے جس نے امر بالمعروف و نہی عن المنکر کو اساسِ دین کی حیثیت سے پیش نہ کیا ہو اور اسے امت مسلمہ کا اہم فرض نہ قرار دیا ہو۔دعوت اور تبلیغ دین میں امت مسلمہ کے لیے بہترین اسوہ رسول اکرم ﷺ کی زندگی ہے ۔یہی وجہ ہے کہ داعیانِ اسلام نے دعوت حق میں آپ ﷺ کی سیرت اور منہجِ دعوت کو پیش نظر رکھا اور آئمہ سیرت نے بھی آپ کی مکی و مدنی دور کے منہجِ دعوت کو بیان کیا ہے۔

آئمہ سیرت کے ہاں سیرت نگاری کے تین مقبول مناہج ہیں۔ایک طریقہ یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی حیات مبارکہ کو زمانی ترتیب سے بیان کیا جائے۔اس طریقہ کی رو سے سیرت نگار آپ ﷺ کی ولادت سے شروع کرتے ہیں اور عموماً وفات پر اختتام کرتے ہیں۔یہ سیرت نگاری کا سوانحی انداز ہے۔ہمارے قدیم مآخذ سیرت اور اردو ادب سیرت میں یہ طریقہ زیادہ رائج اور مقبول ہے۔دوسرا طریقہ یہ ہے کہ سیرت طیبہ گو اس طرح تحریر کیا جائے کہ اس کی ضرورت و وسعت اور عالمگیریت واضح ہو۔یہ سیرت نگاری کا صفاتی انداز ہے جب کہ سیرت نگاری کی تیسری قسم وہ ہے۔جس میں حیات طیبہؐ کے کسی خاص پہلو کو زیر بحث لایا جائے۔جیسے رسول اللہ کے غزوات، عہد نبویؐ کا دعوتی نظام، رسالت مآبؐ بحیثیت قانون دان، رسول اکرم ﷺ کی سیاسی زندگی وغیرہ اس قسم کو سیرت نگاری کا موضوعی انداز کہا جاتا ہے۔عہد جدید میں سیرت کے موضوعاتی ادب میں دعوت نبوی ﷺ کے مراحل و منہج دعوت کا مطالعہ شاید سیرت نگاری کا اہم ترین رجحان وموضوع ہے۔

خصوصا بیسویں صدی عیسوی میں اسلامی تحریکات سے وابستہ مفکرین اور مربیین ودعاۃ نے رسول اللہ ﷺ کی دعوتی زندگی کے مختلف مراحل و ادوار اور مناہج و اسالیب دعوت کو اپنی تحقیق کا موضوع بنایا ہے۔اسی طرح مسلم ممالک میں اسلامی جامعات کے کلیہ و شعبہ ہائے دعوت و ارشاد نے مختلف سطح پر سندی مقالات کے لیے آپ ﷺ کی دعوت اور طریق دعوت پر مطالعات پیش کئے ہیں۔سیرت نگاری کے اس اہم رجحان پر عربی، اردو میں متعدد کتب شائع ہوئیں ۔ زیرنظر مقالہ میں اسی رجحان کی نمائندہ کتب سیرت کا جائزہ پیش خدمت ہے۔جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

(الف) سیرت کے دعوتی منہاج کے مطالعہ کے محرکات وعوامل

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(ب) مراحلِ دعوتِ نبوی ﷺ پر لکھی گئی کتب سیرت کا جائزہ

(ج) مناہج واسالیبِ دعوتِ نبوی ﷺ پر لکھی گئی کتب سیرت کا جائزہ

(د)۔مراحل ومناہج دعوتِ نبوی ﷺ پر لکھی گئی کتب سیرت کی فہرست

## (الف)۔سیرت کے دعوتی منہاج کے مطالعہ کے محرکات وعوامل

### ا۔دعوت وتبلیغ کی اہمیت

قرآن مجید اور احادیث میں دین کی طرف بلانے کے لیے جوکلمات واصطلاحات آئی ہیں ان میں سے ایک لفظ ''دعوت'' ہے۔ یہ کلمہ (د ع و) قرآن مجید میں دو سو آٹھ مرتبہ مختلف صیغوں اور صورتوں میں آیا ہے۔(۳) جس میں چوالیس مرتبہ اللہ تعالیٰ اور اس کے دین کی طرف بلانے کے لیے استعمال ہوا ہے۔اسی طرح تبلیغ کا کلمہ بھی بیان ہوا ہے۔یہ کلمہ قرآن مجید میں اسی مادے سے ۷۸ مرتبہ آیا ہے اور ان میں ایک تہائی کے قریب یعنی ۲۷ مرتبہ دین کی تبلیغ کے معنی اور مفہوم میں وارد ہوا ہے۔(۴) اسی طرح ہدایت، نصیحت، وصیت، امر بالمعروف و نہی عن المنکر، ذکر، شہادت علی الناس، اظہار دین جیسی اصطلاحات بھی بیان ہوئیں ہیں(۵) جن میں دعوت و اصلاح اور بھلائی کی طرف بلانے کا مفہوم پایا جاتا ہے۔ چنانچہ دین کی بنیادی تعلیمات واحکام کو لوگوں تک محنت و حکمت، محبت والفت اور فصاحت و بلاغت سے شیرین ومزین بنا کر اس طرح پہنچانا کہ ان کے دل ودماغ میں اتر جائیں۔یہی دین کی تبلیغ اور طریقہ تبلیغ کا مفہوم ہے۔اسی تبلیغ کے سلسلے کو جاری رکھنے کے لیے ارشاد باری تعالیٰ ہے:

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ تَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ (۶)

تم بہترین امت ہو جو لوگوں کے لیے نکالی گئی ہو۔تم نیکی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے منع کرتے ہو۔

وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ يَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ (۷)

اور چاہیئے کہ تم میں ایک ایسی جماعت ہو جو بھلائی کی دعوت دے۔نیکی کی طرف بلائے اور برائی سے منع کرے۔

وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ (۸)

مومن مرد اور مومن عورتیں ایک دوسرے کے دوست ہیں۔ نیکی کا حکم دیتے ہیں اور برائی سے روکتے ہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



رسول اللہ ﷺ نے بھی دعوت وتبلیغ کے لیے تلقین فرمائی ہے، ارشاد ہوتا ہے:

"نَضَّرَ اللَّهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا شَيْئًا فَبَلَّغَهُ كَمَا سَمِعَ، فَرُبَّ مُبَلِّغٍ أَوْعَى مِنْ سَامِعٍ"(۹)

''اللہ تعالیٰ خوش وخرم رکھے اس شخص کو جس نے ہم سے کوئی بات سنی اور اسے جیسا سنا تھا ویسا ہی دوسروں تک پہنچایا کیونکہ بہت سے وہ لوگ جنہیں بات پہنچائی جاتی ہے سننے والوں سے زیادہ محافظ ہوتے ہیں۔''

امت مسلمہ کی دنیاوی فلاح اور اخروی نجات کی راہ اسوۂ رسول ﷺ کی پیروی میں ہے۔ تاریخ شاہد ہے کہ امت اپنے بعثت کے مقصد یعنی دعوت الی اللہ کے فریضے سے جب تک وابستہ رہی اس کو عروج اور غلبہ حاصل رہا اور جس قدر اس عظیم الشان فرض منصبی سے کوتاہی اور غفلت برتی گئی اسی قدر ملت زوال کا شکار ہوئی۔

امت کی حیات و بقا دعوت میں ہے مگر بدقسمتی سے اس طرف توجہ بہت کم دی گئی۔ بعض جدید مفکرین اسلام کی رائے تو یہ ہے کہ:

امت مسلمہ کے ائمہ مجتھدین اور مفکرین نے اسلام کے پورے فکری سرمائے میں دعوتی مضمون کو اہمیت نہیں دی یہاں تک کہ نہ کسی حدیث، فقہ اور تاریخ کی کتاب میں دعوت کا باب ہے اور نہ ہی کوئی کتاب۔(۱۰)

یہ حقیقت ہے کہ متقدمین اور متاخرین ائمہ سیرت کے ہاں بھی خالص دعوتی نقطۂ نظر سے کوئی کتاب دستیاب نہیں۔(۱۱)

عہد حاضر میں دعوت وتبلیغ کی اسی اہمیت کے پیش نظر سیرت نگاروں نے اس موضوع کی طرف توجہ دی اور رسول اکرم ﷺ کی دعوتی زندگی سے فہم وبصیرت حاصل کرتے ہوئے ادب سیرت کو سیراب کیا ہے۔

**۲۔اسلامی دعوتی واحیائی تحریکات کے لیے نمونہ عمل**

بیسویں صدی عیسوی میں خلافت عثمانیہ کے زوال کے بعد عالمِ اسلام پر سامراجی قوتوں کا غلبہ ہو گیا۔ یورپی افکارونظریات نے مسلمانوں کو اپنا گرویدہ بنا لیا۔ مسلم معاشرہ اور نوجوان، مغربی تہذیب وتمدن کی ظاہری چمک دمک کے دام میں گرفتار ہو گئے۔ تمام مسلم ممالک اغیار کی ذہنی وعملی غلامی میں مبتلا ہو گئے، سیاسی، معاشی، تہذیبی اور دینی زوال کے سبب نئی نسل دینی شعار اور اسلامی تہذیب وتمدن سے کوسوں دور ہوئی۔ ان حالات میں سامراجی قوتوں نے اسلامی نظامِ حکومت ختم کر کے سامراجی طرزِ حکومت کو جاری وساری کر دیا۔ رنگ ونسل اور قوم وطن، زبان وعلاقہ کے تعصّبات کو ابھار کر مضبوط اسلامی وحدت کو پارہ پارہ کر دیا، اور دیکھتے ہی دیکھتے ایک دین،

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ایک قرآن، اور ایک رسول ﷺ کو ماننے والی ملتِ اسلامیہ کے درمیان تفرقہ وفساد، جنگ وجدال، اور بغض ونفرت کے شعلے بھڑکنے لگے، عالم اسلام میں الحاد و لادینیت اور نصرانیت وصیہونیت کا زور بڑھتا گیا۔ نظامِ قانون، ثقافت و کلچر، تعلیم وتمدن، حکومت و سیاست، معاشرت ومعیشت، زبان وادب، غرض یہ کہ تمام چیزیں مغربی رنگ میں رنگ گئیں، عربی زبان وادب، شرعی قوانین پر مبنی نظام عدل، اسلامی تہذیب وتمدن، اور قومی وملی انفرادیت کو ختم کرنے کی منظّم سازشیں کی گئیں۔

اس اضطرابی حالت میں دین اسلام کا درد رکھنے والوں نے آگے بڑھ کر نشاۃ اسلام کے لیے عالمِ اسلام میں دعوتی واصلاحی تحریکوں کا آغاز کیا، ان تحریکوں نے دعوت وتجدید کا بیڑا اُٹھایا، امت کی فکری وعملی رہنمائی کی اور شکست خوردگی کا احساس ختم کیا، مسلمانوں کے اندر خودداری واعتماد کو پروان چڑھایا، اور ملت اسلامیہ کے احیاء اور اقامت دین کے عملی نفاذ کو اپنا منشور بنایا۔ اسلامی تحریکوں نے اسلام اور اسلامی تہذیب کو درپیش خطرات کا احساس کیا، مغربی تہذیب وتمدن کی بے مقصدیت کو واضح کیا، لادینیت والحاد کا مقابلہ کیا، اشراکیت وسرمایہ داری کے ظالمانہ نظام کی حیثیت عالم انسانیت پر واضح کی، اسلامی تعلیمات کی وقعت، اہمیت وافادیت کو اجاگر کیا۔ امت مسلمہ کے اندر اتحاد واتفاق، اور وحدت کا مضبوط رشتہ قائم کیا اور حریت وجہاد، تزکیہ نفس، اخلاقِ عالیہ، اور رفاہی فلاحی افکار وتعلیمات کو امت مسلمہ کے شعور کا حصہ بنایا۔ فکری وعملی سطح پر اسلامی نظامِ حیات کا جامع تصور پیش کرتے ہوئے، انسانی زندگی کے ہر شعبہ سے متعلق اسلامی تعلیمات کو عصری تقاضوں اور ضرورتوں کو مدِنظر رکھ کر مرتب کیا۔ اسلام کی اولیت وفوقیت کو عقلی وسائنسی دلائل کی روشنی میں ثابت کیا، اسلام پر کیے جانے والے مغرب اور مستشرقین کے اعتراضات والزامات کا بھرپور جواب دیا، اسلام او پیغمبر اسلام ﷺ پر دلنشیں، عام فہم اور مدلل کتابیں تصنیف کی گئیں، جن میں اسلامی پیغام ودعوت کی افادیت اور عملیت کو اجاگر کیا گیا۔

دعوتی واصلاحی تحریکات نے سب سے پہلے افراد اور معاشرہ کی تربیت کی طرف توجہ دی اور اس کے ساتھ ساتھ اسلام کے سیاسی، معاشی ومعاشرتی، اخلاقی وروحانی نظام کو پیش کیا۔ دعوتی وتربیتی نصاب کے لیے اسوۂ رسول ﷺ سے پرنور تعلیمات کو اخذ کیا گیا۔ کیونکہ اللہ تعالی آپ ﷺ کے بارے میں فرمارہے ہیں۔

قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ (۱۲)

کہہ دو یہ میرا راستہ ہے میں پوری بصیرت کے ساتھ اللہ کی طرف بلاتا ہوں۔ میں خود بھی اور میری اتباع کرنے والے بھی۔

یہ آیت بتاتی ہے کہ رسول اللہ ﷺ اور آپ کے مخلص ساتھی پوری بصیرت کے ساتھ دعوت الی اللہ کا فریضہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



انجام دے رہے تھے۔ یہ اللہ تعالی کی طرف سے اس بات کی گواہی ہے کہ جو نور بصیرت اس کام کے لیے رسول اللہ ﷺ کو ملا تھا اس سے وہ مبارک جماعت بھی بہرہ یاب تھی جو اس کام میں آپ کے ساتھ لگی ہوئی تھی۔ صحیح بات یہی ہے کہ بغیر بصیرت کے یہ فرض کوئی گروہ انجام دے بھی نہیں سکتا (۱۳) آپ ﷺ کی اطاعت و اتباع کرتے ہوئے اسلامی دعوتی تحریکات نے ایسا دعوتی و اصلاحی لٹریچر تیار کیا جو سیرت رسول ﷺ سے مستنیر تھا۔ خصوصا رسول اللہ ﷺ کی مکی و مدنی زندگی کے مختلف مراحل دعوت کو پیش نظر رکھا گیا۔ (۱۴)

۳۔ اسلام کی اصل قوت دعوت

ہر زمانے میں اسلام کی اصل قوت و طاقت دعوت میں ہی رہی ہے۔ خوش قسمتی سے موجودہ زمانہ میں اسلام کے دعوتی عمل کو زندہ کرنے کے مواقع غیر معمولی حد تک بڑھ گئے ہیں۔ مذاہب کے تقابلی مطالعہ سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ اسلام کے سوا تمام مذاہب غیر معتبر ہیں اور پھر انھیں تاریخی اعتباریت بھی حاصل نہیں، جبکہ اسلام اپنے پیغام کی تاریخیت، ابدیت اور کاملیت سے معتبر ثابت ہو چکا ہے۔ اس نقطۂ نظر سے مستشرقین نے دعوت اسلام کی تاریخ کا مطالعہ کیا (۱۵) اور عالم اسلام کے ہاں بھی ایسے علمی و تحقیقی ادارے وجود میں آئے جنھوں نے دعوت، اصول دعوت، اسالیب دعوت اور خصوصا رسول اکرم ﷺ کی سیرت و دعوت کو تحقیق کا موضوع بنایا۔ عالم عرب کی جامعات اور وزارت ہائے دعوت و ارشاد کے تحت دعوت پر وسیع لٹریچر تیار ہوا۔ (۱۶) مغرب میں بسنے والے مسلمانوں نے بھی ایسی اکیڈمیوں کی بنیاد رکھی جہاں دعوتی مواد کے ساتھ ساتھ افراد کو بھی تربیت دی جا سکے تاکہ وہ غیر مسلم معاشرہ میں اسلام کی دعوت پہنچا سکیں۔ (۱۷)

۴۔ رسول اکرم ﷺ بطور داعی

اللہ تعالی نے قرآن مجید میں آپ ﷺ کو داعیانہ صفات سے یاد فرمایا ہے۔ ارشاد ہوتا ہے۔

> يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا (۱۸)
>
> نبی ﷺ ہم نے آپ کو گواہی دینے والا، خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا، اللہ تعالی کے حکم سے اس کی طرف دعوت دینے والا اور روشن چراغ بنا کر بھیجا ہے۔"
>
> يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ وَ اِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ (۱۹)
>
> اے رسول جو کچھ تمھارے رب کی طرف سے تم پر نازل کیا گیا ہے وہ لوگوں تک پہنچا دو۔ اگر تم نے ایسا نہ کیا تو اس کی پیغمبری کا حق ادا نہ کیا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قرآن مجید میں منصب نبوت کے مقاصد، پیغام دعوت، مراحل دعوت، حکمت دعوت، اصول دعوت، دعوت کا ممکنہ ردعمل، دعوت کی مخالفت کے اسباب ومحرکات اور دعوت کی کامیابی کے اصول بھی بیان کردیے گئے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ عہد حاضر میں سیرت نگاری کے نئے رجحان، قرآن حکیم اور روایات صحیحہ کی روشنی میں سیرت طیبہ کو مرتب کیا گیا تو آپ ﷺ کی زندگی کے دعوتی پہلو مزید نکھر کر سامنے آگئے۔

آپ ﷺ نے حکم الٰہی کے مطابق اس دعوت کو عرب وعجم تک پہنچایا، آپ نے دعوت وتبلیغ کے تمام عملی مراحل کا نمونہ بھی دیا اور تبلیغی اصول بھی دیے۔ آنے والے تمام تبلیغی کارکنوں کے لیے یہ اصول بہترین رہنمائی کا کام دیتے رہیں گے۔ اسی کی پیروی کا امت مسلمہ کو حکم بھی دیا گیا ہے۔ ارشاد ہوتا ہے۔

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِىْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَ يَغْفِرْلَكُمْ ذُنُوْبَكُم وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْم(۲۰)

اللہ تعالی کی خوشنودی آپ کی پیروی میں ہے یہی وجہ ہے کہ عہد حاضر کے سیرت نگاروں نے آپ کی دعوتی زندگی کو مطالعہ کا موضوع بنایا ہے۔ سیرت رسول ﷺ کے دعوتی منہاج سے ہی فہم دعوت، حکمتِ دعوت کو اخذ کیا جا سکتا ہے اس لیے تمام داعیان اسلام کے لیے آپ ﷺ کے دعوتی احوال کی معرفت ضروری ہے تاکہ ان کے دعوتی پیغام میں بصیرت پیدا ہو سکے۔ آپ ﷺ کی دعوت کے مراحل ومنہاج کے مطالعہ سے ایک داعی میں درج ذیل داعیانہ اوصاف اور خوبیاں پیدا ہوسکیں گی۔

۱۔ داعی کی شخصیت کیسی ہونی چاہیے، ایک داعی کن اوصاف وصفات سے متصف ہو، علم وہنر اور اخلاق وکردار میں وہ ایک مثالی حیثیت کا حامل ہو۔ ایسی تمام صفات کو سیرت رسول ﷺ سے ہی اخذ کیا جا سکتا ہے۔

۲۔ یہ جاننا بھی ضروری ہے کہ کس کی دعوت دی جارہی ہے، دعوتی مضمون کی نوعیت کیا ہے، کن کو دعوت دی جا رہی ہے، مدعوین ومخاطبین کون ہیں؟ ان کے احوال کی معرفت بھی بڑی اہمیت کی حامل ہے۔ آپ ﷺ کا دعوتی اسوۂ اس سلسلے میں راہنمائی عطا کرتا ہے۔

۳۔ وسائل واسلوب دعوت کی معرفت بھی ضروری ہے۔ مؤثر وسائل اور اسالیب کی پہچان بھی سیرت رسول ﷺ میں دیکھی جاسکتی ہے یہی وہ بنیادی عوامل اور محرکات تھے جن کی بنا پر سیرت کے دعوتی پہلو کے مطالعات کی ضرورت پیش آئی۔

(ب) دعوتِ نبوی ﷺ کے مراحل پر لکھی گئی کتب سیرت کا جائزہ

سیرت نبویؐ کے امامین ابن اسحٰق (۷۰۴۔۷۶۷ء) اور ابن ہشام (م۸۳۳ء) سے لے کر عہد حاضر تک

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تمام سیرت نگار بعثت نبوی کے بعد دعوت وتبلیغ نبویؐ کا ذکر کرتے ہیں۔اس ضمن میں وہ مکی عہد نبوت کو دعوت وتبلیغ کے لحاظ سے کئی مراحل میں تقسیم کرتے ہیں۔سبھی سیرت نگاروں کے ہاں عموماً تین مراحل دعوت بیان ہوئے ہیں۔ خفیہ دعوت کے تین سال، دعوت ذوالعشیرہ اور علانیہ دعوت یا دعوت عام۔ان تین مراحل دعوت پر بھی بہت سرسری انداز میں گفتگو کی گئی ہے۔(۲۱)

علامہ ابن قیم الجوزیؒ نے پہلی بار تفصیل کے ساتھ دعوت نبوی کے پانچ مراحل ومراتب بیان کیے ہیں۔ لکھتے ہیں۔

المرتبة الاولى۔ النبوة

المرتبة الثانية ۔ انذار قومه

المرتبة الثالثة ۔ انذار عشيرة الاقربين

المرتبة الرابعة۔ انذار قوم ما آتا هم من نذير من قبله و هم العرب قاطبة

المرتبة الخامسة ۔ انذار من بلغه دعوته من الجن و الانس الى آخر الدهر(۲۲)

امام ابوزھرۃؒ نے دعوت نبوی کے تین مراحل بیان کیے ہیں۔

۱۔ بيت النبوة (خفیہ طریقے سے اپنے قریب ترین رفقاء واعزہ کو دعوت)

۲۔ذوالعشیرہ (اپنے اہل وعیال اور اپنے چچاؤں کو دعوت)

۳۔ دعوة عام (قریش اور عام لوگوں کو دعوت)(۲۳)

احمد شلبی نے دعوت کو تین مراحل میں بیان کیا ہے۔

۱۔خفیہ دعوت

۲۔دعوت بنی عبدالمطلب

۳۔دعوت عام(۲۴)

ڈاکٹر رؤف شلبی نے دعوت نبوی کے مراحل کو چار حصوں میں بیان کیا ہے۔

۱۔ قم فانذر (یہ دعوت کا خفیہ دور ہے)

۲۔و انذر عشيرتك الاقربين (اس سے علانیہ دعوت کا آغاز ہوتا ہے)

۳۔لتنذر ام القرى و من حولها (بقول طبری مکہ اور اس کے شرق وغرب میں قبائل عرب کو دعوت)

۴۔لتخرج الناس من الظلمات الى النور (عالمی دعوت کا آغاز، تمام انسانیت کو دعوت حق کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تلقین)(۲۵)

جدید سیرت نگاروں نے اسی منہج واسلوب کو اختیار کرتے ہوئے دعوت نبویؐ کے مراحل پر تفصیلی وتجزیاتی مطالعات پیش کئے۔ انھوں نے سیرت طیبہ کو دوحصوں میں تقسیم کیا۔ مکی عہد نبوت اور مدنی عہد نبوت، ۔پھر ان دونوں ادوار کا الگ الگ تجزیہ کرتے ہوئے رسول اللہ ﷺ کے دعوتی منہج کا مطالعہ کیا۔ اس نہج واسلوب میں کئی کتب سیرت لکھی گئیں، عربی زبان میں جن سیرت نگاروں نے کلی طور پر دعوت نبوی کے مراحل ومنہاج پر کتب لکھیں ان میں ڈاکٹر رؤف شلبی کی'' الدعوة الاسلامية فی عهد هاالمكی مناهجها وغاياتها،، الدعوةالاسلامية فی عهد ها المد نيمناهجها وغاياتها،، علی بن جابر الحربی کی'' منهج الدعوة النبوية فی المرحلة المكية،، عبد الوهاب كحيل، الجو انب الاعلامية فی حياة الرسول، مرحلة الاعداد والممارسة فی مكة، اور الحرب النفسية ضد الاسلام فی عهد الرسول فی مكة،، William Montgomery Watt کی'' Muhammad at Mecca،، اور Muhammad at Medina، حمود بن جابر حارثی کی منهج الدعوة والعمل فی المرحلة المكية، الطيب برغوث کی کتاب ،، منهج النبی ﷺ فی حماية الدعوية والمحافظة علی منجزاتها خلال الفترة المكية ،احمد غلوش احمد کی کتاب،، السيرة النبوية والدعوة فی العهد المكی، جمعة علی الخولی کی کتاب، فقه الدعوة (دراسة موضوعية لسيرة الدعوة و منهجها فی العهد المدنی) ڈاکٹر منیر الغضبان کی کتاب ، المنهج الحر كی للسيرة النبوية،علی رضوان احمد الاسطل کی ،، الوفود فی العهد المكی واثرها الاعلامی، وغیرہ ۔ مراحل دعوت پر لکھی گئی یہ چند معروف کتب سیرت ہیں (۲۶) اردو میں جن سیرت نگاروں نے جزوی طور پر دعوت نبویؐ کے مراحل ومنہاج کو تحقیق کا موضوع بنایا ہے ان میں علامہ شبلی نعمانی وسید سلیمان ندویؒ، قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوریؒ، مولانا حفظ الرحمٰن سیوھارویؒ، مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ، ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ مولانا امین احسن اصلاحیؒ جناب طالب ہاشمی، مولانا وحید الدین خان،، ڈاکٹر اسرار احمدؒ ،جناب خالد مسعودؒ اور ڈاکٹر فضل الٰہی شامل ہیں۔سید ابو الاعلی مودودیؒ، مولانا صفی الرحمٰن مبارک پوریؒ، مولانا محمد یوسف اصلاحی ،ڈاکٹر یٰسین مظہر صدیقی ،نے رسول اللہ ﷺ کی دعوت، اسلوب دعوت اور مراحل دعوت پر تفصیلا لکھا ہے (۲۷)۔ سیرت میں دعوتی رجحان کے حوالے سے ان سب کی تحقیقات کا جائزہ لینا تو مشکل ہے۔ ہم ان میں سے چندمثالیں پیش کرتے ہیں۔

(1) سید ابو الاعلی مودودیؒ (۱۹۰۳ء۔۱۹۷۹ء) کی ''سیرت سرور عالم'' جلد دوم مکی عہد نبوت پر لکھی گئی ہے۔ سیرت کے دعوتی رجحان پر اردو میں سب سے عمدہ کتاب ہے۔ یہ کتاب چودہ ابواب پر مشتمل ہے یعنی قرآن اپنے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لانے والے کو کس حیثیت سے پیش کرتا ہے، رسول اللہ ﷺ کا خاندان: پیدائش سے آغاز نبوت تک، آغاز رسالت اور خفیہ دعوت کے ابتدائی تین سال، دعوت حق کے لیے ہدایات جو نبی ﷺ کو دی گئیں، دعوت اسلامی کی حقیقی نوعیت، دعوت عام کی ابتداء، دعوت اسلامی کو روکنے کے لیے قریش کی تدبیریں، ہجرت حبشہ۔ باب چار سے لے کر نو تک رسول اللہ ﷺ کی دعوت کے مختلف حالات تفصیل سے بیان کیے ہیں ۔ باب بارہ مکہ میں قبائل عرب کو دعوت اسلام کی روئیداد پر مشتمل ہے جبکہ چودھویں اور آخری باب میں مکی دور کا مجموعی جائزہ لیا گیا ہے۔

باب چہارم آغاز رسالت اور خفیہ دعوت کے ابتدائی تین سال (ص۱۲۹ تا ۱۶۲) کے جائزے پر مشتمل ہے۔سید مودودی کے بقول:

> سورہ اقراء کی ابتدائی پانچ آیاتِ کریمہ کے نزول سے نبوتِ محمدی کا آغاز ہوا اور فترہ کے بعد سورہ مدثر کی ابتدائی سات آیاتِ کریمہ کی تنزیل سے رسالتِ محمدی کا ۔ان آیات میں آپ ﷺ کو دعوتِ دین کا حکم دیا گیا اور اس سے متعلق ہدایات دی گئیں۔

سید مودودی نے ان ہدایات ربانی کا مفصل تجزیہ فرمایا ہے جو کہ مؤلفِ گرامی کے تجزیاتی مطالعے کا شاہکار ہے(۲۸) جبکہ دوسرے سیرت نگاروں کے ہاں اس کا ذکر بہت کم پایا جاتا۔ (۲۹) مولانا نے بھی مکی عہد نبوت کو دعوتی مراحل میں تقسیم کیا ہے۔''خفیہ تبلیغ کا تین سالہ دور'' پر روایاتِ سیرت و حدیث وتفسیر کی روشنی میں عمدہ تحلیل و تجزیہ پیش کیا ہے۔خفیہ دعوت (۳۰) کی حکمت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

> اللہ تعالی نے اپنے نبیؐ کو تبلیغ رسالت کی جو حکمت سکھائی تھی اس کے مطابق آپؐ نے اپنا کام ،چھوٹتے ہی اعلان نبوت کر دینے اور لوگوں کو دعوت عام دینے سے نہیں کیا بلکہ ابتدائی تین سال تک آپ خفیہ طریقے سے اسلام کو ان سعید روحوں تک پہنچاتے رہے جو محض دلیل و برہان اور تفہیم و تذکیر سے توحید کو قبول کرنے اور شرک چھوڑنے پر آمادہ ہو سکتی تھیں، اور اس کے ساتھ جن پر یہ اعتماد بھی کیا جا سکتا تھا کہ وہ اس تحریک کو اس وقت تک راز میں رکھیں گی جب تک اللہ تعالی کے اذن سے ہادی برحق ،اعلان عام اور واشگاف دعوت الی اللہ شروع کر دینے کا فیصلہ نہ فرمائیں۔(۳۱)

ڈاکٹر یٰسین مظہر صدیقی کی رائے ہے کہ:

> مولانا مودودی غالباً واحد جدید اردو سیرت نگار ہیں جنھوں نے روایات کے تجزیے اور تحلیل کی بنیاد پر دارِ ارقم (۳۲) میں مرکز تبلیغ و اجتماع کا قیام، ثابت کرنے کے علاوہ، اس کے اسباب اور تاریخی تناظر اور زمانی توقیت سے بحث کی ہے ۔ان کا خیال ہے کہ دارِ ارقم کو مرکز تبلیغ وتعلیم ڈھائی سال کی مدت کے بعد اس لیے بنایا گیا تھا کہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مسلمانوں اور کافروں میں تصادم کا خدشہ پیدا ہو گیا تھا۔لیکن اس توقیت سے حضرت ابوذر غفاریؓ کے اسلام قبول کرنے کی صحیح روایت میل نہیں کھاتی، انھوں نے آغاز نبوت ہی میں اسلام قبول کیا تھا اور دارارقم میں ہی کیا تھا جب مسلمان تھوڑے تھے۔غالباً یہ مرکزِ اسلام ابتدا ہی میں وجود میں آ گیا تھا اور پھر وہ بقول مولانا مودودی خفیہ وعلانیہ دعوت کے زمانے میں سب سے بڑا مرکزِ اسلام بنا رہا۔مولانا مودودی کے تحلیل وتجزیے کی ایک شاہکار بحث وہ ہے، جس کا سوالیہ عنوان ہے: 'تین سال کی خفیہ دعوت میں کتنا کام ہوا؟' مولانا مودودی نے بڑی تلاش وتجسس کے بعد اس سہ سالہ دورِ تبلیغ کے دوران مسلمان ہونے والوں کی ایک فہرست تیار کی ہے، جو خاندانوں کے اعتبار سے تیار کی گئی ہے وہ بنو ہاشم، بنو مطلب، بنو عبد شمس، بنو امیہ اور ان کے حُلفاء۔ بنو تمیم اور ان کے حُلفاء۔بنو اَسَد، بنو عبد العزی، بنو زہرہ اور ان کے حُلفاء۔ بنو عدی اور ان کے حُلفا، بنو عبد الدار، بنو جمح، بنو سہم اور ان کے حُلفا، بنو مخزوم اور ان کے حلفا، بنو عامر بن لوی بنو فہر بن مالک، بنو عبد قصی کے علاوہ غلام و باندی مسلمانوں اور کم از کم دو غیر قریشی ر غیر مکی ۱۲۹افراد پر مشتمل ہے اور اولین چار مسلمانوں کو شامل کر کے ان کی تعداد ۱۳۳ ہو جاتی ہے۔بلا شبہ تحلیل وتجزیہ روایات اور تجزیاتی مطالعہ سیرت کی یہ نادر مثال ہے، جو صرف مولانا مودودی جیسے مفکر وعبقری کے قلم سے نکل سکتی تھی۔(۳۳) تمام قدیم وجدید سیرت نگار، دعوتِ عام کی ابتدا، کا باب بالعموم قریب ترین اعزہ کی دعوت کے باب سے شروع کرتے ہیں۔مولانا مودودی نے سب سے ہٹ کر، روایات کے تجزیے وتحلیل کے بعد، دلائل و براہین کے ساتھ یہ ثابت کیا ہے کہ،اسلام کا اولین اظہار، رسول اکرم ﷺ نے حرمِ کعبہ میں نماز پڑھ کر کیا تھا۔یہ قریش مکہ کی نماز سے مختلف تھی اور خالص اسلامی نماز تھی اس نماز نے ابوجہل جیسے دشمن دین میں شدید ردِ عمل پیدا کیا تھا۔جس کا ذکر سورۃ اقرأ آیات کریمہ ۶، ۱۹میں ملتا ہے۔مولانا مودودی نے اسی واقعے سے متعلق ان روایات کو نقل کیا ہے، جو کتبِ حدیث وسیرت میں ابوجہل مخزومی کی حرکات، بالخصوص نماز سے روکنے سے متعلق ملتی ہیں۔ان کی یہ بحث بہت وقیع اور عمدہ تجزیے پر مبنی ہے۔ اپنے قریب ترین خاندان والوں کو دعوت' مولانا مودودی کے نزدیک دعوتِ عام کا دوسرا قدم ہے، اولین نہیں۔بلاذری، ابن اثیر، سورۃ الشعراء، (۲۶:۲۱۴) اور دوسری معتبر روایات سے انھوں نے اس کا مواد تیار کیا ہے۔' قریش کے تمام خاندانوں کو دعوت' تیسرا قدم تھا اور اس کا آغاز کوہِ صفا کے خطبے سے ہوا تھا۔مولانا مودودی کی یہ بحث جامع، احادیث پر مبنی اور متعدد روایات سے بحث کرتی ہے اور خطبے کا متن دیتی ہے۔
اسی طرح دعوتِ عام میں روڑے اٹکانے والے دو بد ترین دشمنانِ اسلام: ابولہب ہاشمی اور ابوجہل مخزومی کے کرتوتوں، سازشوں اور بد باطنیوں کی بالخصوص اور عام دشمنانِ رسول ﷺ کی حرکات پر مبنی بحث ان کی تحلیل وتجزیے کی شان دار شہادتیں ہیں، جس میں ان دونوں دشمنوں کی تصویر سی کھینچ دی ہے۔اور ان کو پورے تاریخی اسلام کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تناظر میں پیش کیا ہے۔حضورﷺ کی تبلیغی مساعی اور آپ کے کردار و دعوت و نبوت کے حق ہونے کو خوب ثابت کیا ہے۔(۳۴)

پانچویں باب میں سید مودودیؒ نے ان ربانی ہدایات کی تفصیل بیان کی ہے جو دعوت حق کے لیے نبیﷺ کو دی گئیں۔یعنی دعوت میں حکمت و موعظت کا لحاظ، دعوت حق کے لیے ٹھنڈا اور سنجیدہ اسلوب، داعی کا منصب اور اس کی ذمہ داری، تبلیغ کا آسان طریقہ، مجادلہ و مباحثہ کے اصول، سخت مخالفانہ ماحول میں دعوت الی اللہ، بدی کا مقابلہ بہترین نیکی سے کرنا، دعوت میں صبر کی اہمیت جیسے عنوانات کو قرآن مجید اور واقعات سیرت کی روشنی میں رقم کیا ہے۔

مولانا لکھتے ہیں۔

> آغاز میں جن ہدایات کی ضرورت تھی صرف وہی دی گئیں اور وہ زیادہ تر تین مضمونوں پر مشتمل تھیں۔ایک، پیغمبرؐ کو اس امر کی تعلیم کہ وہ خود اپنے آپ کو اس عظیم الشان کام کے لیے کس طرح تیار کریں اور کس طرز پر کام کریں۔دوسرے، حقیقت نفس الامری کے متعلق ابتدائی معلومات اور حقیقت کے بارے میں ان غلط فہمیوں کی مجمل تردید جو گردو پیش کے لوگوں میں پائی جاتی تھیں، جن کی وجہ سے ان کا رویہ غلط ہورہا تھا۔تیسرے، صحیح رویہ کی دعوت اور ہدایات الٰہی کے ان بنیادی اصولِ اخلاق کا بیان جن کی پیروی میں انسان کی فلاح و سعادت ہے۔(۳۵)

چھٹے باب (ص ۱۹۱ تا ۵۱۲) میں دعوت اسلامی کی حقیقی نوعیت، مشرکین کی عداوت کے اسباب اور ان کی ناکامی کے وجوہ پر اظہار خیال کیا ہے۔پیغام دعوت میں، توحید کی تعلیم اور شرک کی تردید، رسالت محمدیہ پر ایمان کی دعوت، قرآن کے کلام الٰہی ہونے پر ایمان کی دعوت، آخرت پر ایمان کی دعوت، اخلاقی تعلیمات، عالمگیر امت مسلمہ کی تاسیس، نبی اور غیر نبی کے طریق کار میں فرق۔ان عنوانات کے تحت بھرپور تجزیہ پیش کیا ہے۔ساتویں باب میں دعوت عام کی روداد بیان کی ہے جبکہ آٹھواں باب 'دعوتِ اسلامی کو روکنے کے لیے قریش کی تدبیریں، اور ان کی تفصیلات پر مشتمل ہے۔مولانا مودودی کی رائے یہ ہے کی دعوت اسلام اور رسولِﷺ کی مخالفت کے باب میں تمام اکابرِ قریش اور عوام کا رویہ یکساں نہ تھا۔آپ نے اکابرِ قریش کو دو طبقات میں تقسیم کیا ہے۔

۱۔ شدید ترین مخالفین

۲۔ نرم رو مخالفین

مولانا مودودی لکھتے ہیں:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



رہے عام اہل مکہ، تو ان میں سے کچھ غیر جانبدار تھے، کچھ دلوں میں اسلام کے قائل ہو گئے تھے مگر اپنا اسلام چھپائے ہوئے تھے کچھ اسلام قبول کرتے جا رہے تھے، اور ایک بڑی تعداد اپنے سرداروں کے بھڑ کانے سے دین آبائی کی حمیت میں مبتلا ہو کر ان کی شرارتوں میں شریک ہو جاتی تھی جو اسلام کے خلاف کی جاتی تھیں۔(۳۶)

مولانا مودودی نے تدابیر قریش کو مختلف فصول میں تقسیم کیا ہے اور ان کا ایک عمدہ تجزیاتی مطالعہ پیش کیا ہے پہلی بحث ہے۔حضور ﷺ سے مصالحت کی کوششیں، اس میں مختلف مآخذ میں مذکورہ اکابر قریش، جیسے عتبہ بن ربیعہ، اول وفدِ قریش اور دوسرے وفود قریش کے جناب ابو طالب ہاشمی اور رسول اکرم ﷺ سے ملاقاتوں اور مصالحانہ تجویزوں کا عمدہ ذکر و تجزیہ ہے۔دوسری بحث یا تدبیر قریش کا عنوان ہے: جناب ابو طالب پر دباؤ ڈالنے کی کوششیں، اس باب میں ان وفودِ قریش و تجاویز اکابر کا ذکر مفصل ہے، جو سماجی اور معاشرتی دباؤ ڈالنے کے لیے منظّم و مرتب کیے گئے تھے۔ چار مختلف وفود کے علاوہ ابو جہل مخزومی کی قتلِ نبوی کی سازش اور قریش کی مجموعی دھمکی کا بیان پیش کیا ہے۔قریش کی چھچھوری اور ذلیل حرکات، تیسرے بحث کا عنوان ہے۔اس کے تحت بعض سماجی گھناؤنے ہتھکنڈون کے ذریعے رسولِ اکرم ﷺ کو دعوتِ دین سے روکنے کی کوششیں بیان کی ہیں، جیسے حضرت زینبؓ کو طلاق دلوانے کی کوشش، فرزند نبوی حضرت قاسمؓ کی وفات پر اظہارِ مسرت اور اکابر کی طعنہ زنی، قرآن کی تلاوت سنتے ہی شور مچادینا، تحریفِ قرآن کی سعی، فضول بحثوں کے ذریعے مسلمانون کو الجھانا، مسلمانوں کی عام تذلیل و تضحیک، ناواقفوں کو ورغلانا، (۳۷)

دعوت حق کو روکنے اور آپ ﷺ کے خلاف قریش کی ان ساری تدابیر کا الٹا اثر ہوا۔ مکہ سے باہر اسلام کی اشاعت کے ذیل میں لکھتے ہیں:

> قریش اپنے نزدیک یہ سمجھتے تھے کہ اس طرح وہ محمد ﷺ اور قرآن کو زک دے دیں گے، لیکن دراصل اس طرح انہوں نے خود ہی عرب کے گوشے گوشے تک آپ کا اسم گرامی پہنچا دیا۔آپ کی جتنی شہرت مسلمانوں کی کوششوں سے سالہا سال میں بھی نہ ہو سکی تھی وہ قریش کی اس مہم سے تھوڑی مدت ہی میں ہو گئی، عام لوگ چاہے اس سے بدگمان ہی ہو گئے ہوں، مگر بہت سے دلوں میں آپ سے آپ یہ سوال پیدا ہو گیا کہ آخر معلوم تو ہو وہ کون سا ایسا آدمی ہے جس کے خلاف یہ طوفان برپا ہو رہا ہے، اور بہت سے لوگوں نے یہ سوچنا شروع کر دیا کہ وہ بات سنی تو جائے جس سے ہم کو اتنا خوف دلایا جا رہا ہے۔ اس طرح مکہ سے باہر عرب کے دوسرے علاقوں میں اسلام

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے پہنچنے کا راستہ کھل گیا۔(۳۸)

سیرت سرور عالم ﷺ کی دوسری جلد کے بارھویں باب کا عنوان ''مکی دور کے آخری تین سال،، ہے۔ جس میں مکہ کے آس پاس بسنے والے تیرہ قبائل کو دعوت حق کی روداد قلم بند کی ہے اور مکی عہد نبوت کا بڑا بصیرت افروز تجزیہ کیا گیا ہے بقول ڈاکٹر یٰسین مظہر صدیقی ،مولانا مودودی ، جدید اردو سیرت نگاروں میں وہ واحد صاحب بصیرت انسان ہیں ، جنھوں نے ،مکی دور کے آخری تین برسوں پر پورا ایک باب (نمبر۱۲) قائم کیا اور ترتیب و تنظیم کے ساتھ تجزیاتی مطالعے پر مبنی ، اس دور آخر کے واقعات و حالات کو بے مثال تاریخی فہم و بصیرت اور بےنظیر واقعیت کے ساتھ بحسن وخوبی بیان کیا ہے۔(۳۹)

(2) اردو سیرت نگاری میں دعوتی رجحان کی نمائندہ دوسری بڑی کتاب الرحیق المختوم مولانا صفی الرحمٰن مبارک پوری (۱۹۴۲ء۔۲۰۰۶ء) کی ہے۔مولانا نے ترتیب زمانی کے لحاظ سے سیرت طیبہ کو مرتب کیا ہے۔تاریخی واقعات کے ساتھ ساتھ اشاعت اسلام کی تفصیلات بھی بیان کیں ہیں۔ رسول اللہ ﷺ کی دعوتی زندگی کو ادوار و مراحل میں تقسیم کیا ہے۔لکھتے ہیں:

> ہم نبی ﷺ کی پیغمبرانہ زندگی کو دو حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں جو ایک دوسرے سے مکمل طور پر نمایاں اور ممتاز تھے وہ دونوں حصے یہ ہیں ۔ا۔مکی زندگی ۔۔تقریباً تیرہ سال،۲۔ مدنی زندگی ۔۔۔دس سال۔ پھر ان میں سے ہر حصہ کئی مرحلوں پر مشتمل ہے اور یہ مرحلے بھی اپنی خصوصیات کے اعتبار سے ایک دوسرے سے مختلف اور ممتاز ہیں ۔ اس کا اندازہ آپ کی پیغمبرانہ زندگی کے دونوں حصوں میں پیش آنے والے مختلف حالات کا گہرائی سے جائزہ لینے کے بعد ہو سکتا ہے۔مزید لکھتے ہیں کہ مکی زندگی تین مرحلوں پر مشتمل تھی۔

ا۔ پس پردہ دعوت کا مرحلہ۔۔۔تین برس

۲۔ اہل مکہ کو کھلم کھلا دعوت وتبلیغ کا مرحلہ۔۔ چوتھے سال نبوت کے آغاز سے دسویں سال کے اواخر تک۔

۳۔ مکہ کے باہر اسلام کی دعوت کی مقبولیت اور پھیلاؤ ایک مرحلہ۔۔۔ دسویں سال نبوت کے اواخر سے ہجرت مدینہ تک(۴۰)

پھر اسی نبوی دعوتی مراحل کو پوری کتاب میں پیش نظر رکھا ہے۔ پہلا مرحلہ، کاوش تبلیغ کے ذیل میں ،خفیہ دعوت کے تین سال، اولین راہروان اسلام کے دعوت حق کو قبول کرنے کی ایمان افروز روئداد قلم بند کی ہے۔ دوسرے مرحلہ میں کھلی تبلیغ کے تحت ، اظہار دعوت کا پہلا حکم،قرابت داروں میں تبلیغ،کوہ صفا پر دعوت، اورحق کا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



واشگاف اعلان اورمشرکین کا ردعمل کے ذیل میں روایات تفسیر وحدیث وسیرت کا عمدہ تجزیہ پیش کیا ہے۔'' ابتدائی مسلمانوں کا صبر وثبات اوراس کے اسباب وعوامل کی بحث میں مولانا مبارک پوری نے پہلا سبب اللہ تعالی کی ذات واحد پر ایمان اوراس کی ٹھیک ٹھیک معرفت کو بیان کیا ہے اور دوسرا سبب نبی ﷺ کی پرکشش قیادت۔

چناچہ لکھتے ہیں (۴۱)

نبی اکرم ﷺ جوامت اسلامیہ ہی نہیں بلکہ ساری انسانیت کے سب سے بلند پایہ قائد ورہنماء تھے، ایسے جسمانی جمال، نفسانی کمال، کریمانہ اخلاق، باعظمت کردار اور شریفانہ عادت واطوار سے بہرہ ور تھے کہ دل خود بخود آپ ﷺ کی جانب کھنچے جاتے تھے، اور طبیعتیں خود بخود آپ ﷺ پر نچھاور ہوتی تھیں، کیونکہ جن کمالات پر لوگ جان چھڑکتے ہیں ان سے آپ کو اتنا بھرپور حصہ ملا تھا کی اتنا کسی اور انسان کو دیا ہی نہیں گیا۔ آپ ﷺ شرف و عظمت اور فضل وکمال کی سب سے بلند چوٹی پر جلوہ فگن تھے۔ عفت وامانت، صدق وصفا اور جملہ امور خیر میں آپ ﷺ کا وہ امتیازی مقام تھا کہ رفقاء تو رفقاء آپ ﷺ کے دشمنوں کو بھی آپ ﷺ کی یکتائی وانفرادیت پر کبھی شک نہ گزرا۔ آپ ﷺ کی زبان سے جو بات نکل گئی، دشمنوں کو بھی یقین ہو گیا کہ وہ سچی ہے، اور ہو کر رہے گی (۴۱)

مولانا مبارک پوری نے مکی عہد نبوت میں دعوت کا تیسرا مرحلہ، بیرونِ مکہ دعوت اسلام، کو قرار دیا ہے۔ اس ضمن میں طائف میں دعوت نبوی کا ذکر کیا ہے، اہل طائف کی ظلم وزیادتی اور آپ ﷺ سے بدسلوکی، طائف سے واپسی میں وادی نخلہ میں جنوں کی جماعت کے دعوت حق قبول کرنے کا تذکرہ کیا ہے۔قبائل اور افراد کو اسلام کی دعوت کے ذیل میں ان قبائل کی تفصیلات بیان کیں جن کے پاس آپ ﷺ تشریف لے گئے۔ یثرب کی چھ سعید روحوں نے اسی موقع پر اسلام قبول کیا اور پھر مکہ سے باہر دعوت کے لیے راہ ہموار ہوگئی۔

مولانا مبارک پوریؒ نے آپ ﷺ کی مدنی زندگی کو بھی تین مرحلوں میں تقسیم کیا ہے۔ لکھتے ہیں:

۱۔ پہلا مرحلہ: جس میں فتنے اور اضطرابات برپا کئے گئے، اندر سے رکاوٹیں کھڑی کی گئیں اور باہر سے دشمنوں نے مدینہ کو صفحہ ہستی سے مٹانے کے لیے چڑھائیاں کیں۔ یہ مرحلہ صلح حدیبیہ ذی قعدہ ۶ھ پر ختم ہو جاتا ہے۔

۲۔ دوسرا مرحلہ جس میں بت پرست قیادت کے ساتھ صلح ہوئی، یہ فتح مکہ رمضان ۸ھ پر منتہی ہوتا ہے۔ یہی مرحلہ شاہان عالم کو دعوت دین پیش کرنے کا بھی ہے۔

۳۔ تیسرا مرحلہ: جس میں خلقت اللہ کے دین میں فوج درفوج داخل ہوئی۔ یہی مرحلہ مدینہ میں قوموں اور قبیلوں کے دفود کی آمد کا بھی مرحلہ ہے۔ یہ مرحلہ رسول اللہ ﷺ کی حیات مبارکہ کے اخیر یعنی ربیع الاول ۱۱ھ تک محیط ہے (۴۲)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مدنی دور کے دوسرے مرحلہ کی بحث ''نئی تبدیلی،، کے عنوان سے کی ہے جس میں صلح حدیبیہ کے دعوتی اثرات کو مقدم رکھا ہے۔فرماتے ہیں:

> ''امن کے اس مرحلے پر جو صلح حدیبیہ کے بعد شروع ہوا تھا مسلمانوں کو اسلامی دعوت پھیلانے اور تبلیغ کرنے کا اہم موقع ہاتھ آ گیا تھا، اس لیے اس میدان میں ان کی سرگرمیاں تیز تر ہوگئیں جو جنگی سرگرمیوں پر غالب رہیں لہذا مناسب ہوگا کہ اس دور کی دو قسمیں کر دی جائیں ۔ا۔تبلیغی سرگرمیاں، اور بادشاہوں اور سربراہوں کے نام خطوط۔''

۲۔جنگی سرگرمیاں۔ پھر بے جا نہیں ہوگا کہ اس مرحلے کی جنگی سرگرمیاں پیش کرنے سے پہلے بادشاہوں اور سربراہوں کے نام خطوط کی تفصیلات پیش کر دی جائیں کیونکہ طبعی طور پر اسلامی دعوت مقدم ہے بلکہ یہی وہ اصل مقصد ہے جس کے لیے مسلمانوں نے طرح طرح کی مشکلات و مصائب، جنگ اور فتنے، ہنگامے اور اضطرابات برداشت کئے تھے۔(۴۳)

مولانا مبارک پوری کے بقول مدنی دور کا تیسرا اور آخری مرحلہ آپ ﷺ کی دعوت کے نتائج کی نمائندگی کرتا ہے جنہیں آپ ﷺ نے تقریباً ۲۳ سال کی طویل جدو جہد، مشکلات و مشقت، ہنگاموں اور فتنوں، فسادات اور جنگوں اور خونریز معرکوں کے بعد حاصل کیا تھا۔آخری بحث کا عنوان بھی ''دعوت کی کامیابی اور اس کے اثرات،، ہے چنانچہ لکھتے ہیں:

> غرض اس دعوت کی بدولت عربی وحدت، انسانی وحدت، اور اجتماعی عدل وجود میں آ گیا۔نوع انسانی کو دنیاوی مسائل اور اخروی معاملات میں سعادت کی راہ مل گئی ۔ بالفاظ دیگر زمانے کی رفتار بدل گئی، روئے زمین متغیر ہوگیا، تاریخ کا دھارا مڑ گیا، اور سوچنے کے انداز بدل گئے۔(۴۴)

(3) پروفیسر ڈاکٹر الطیب برغُوث (۱۹۵۱ء) نے رسول اللہ ﷺ کے مکی عہد پر دعوتی نقطۂ نظر سے ایک کتاب بعنوان،،مَنهَجُ النبی ﷺ فی حماية الدعوة و المحافظة علی مُنجَزَا تِها خِلال الفَترَةِ المكية،،لکھی ہے۔مقصد و منہج تالیف بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> حرصت۔ انسجاما مع طبيعة المو ضوع و اهدافه۔ على ان اتجاوز منهج السرد التاريخى للاحداث الذى سيطر على قسم كبير من الدراسات السابقة، لاستفيد بالاضافة الى ذالك من المنهج التحليلى، لان غرضى ليس هو نسخ كتاب جديد فى السيرة على طريقة التسجيل التاريخى لوقائع الحركة النبوية واحداثها ، بل هو محاولة

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



البحث عما وراء هذه الحركة من قواعد منهجية متناسقة، اخرجتها ذلك الاخراج المحكم ، الذى عمل على حماية المضمون الرسالى للدعوة، و حافظ على منجزاتها۔(٤٥)

پوری کتاب تین ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلے باب کا عنوان ہے" غاية الدعوة الاسلامية و خصائصها المبدئية الكبرىٰ،، اس کے ذیل میں دو فصلیں ترتیب دی ہیں جن میں پہلی فصل میں دعوت اسلامیہ کی غایت اور اس کے پھیلاؤ کے آفاقی پہلو، جبکہ دوسری فصل میں دعوت اسلامی کی اہم خصوصیات پر بحث کی ہے دوسرا باب کا عنوان ہے " طبعية المرحلة المكية و اهد اف الدعوة فيها،،اس باب میں مکی عہد میں دعوتی ماحول ، دعوت کا آغاز اور مکی مرحلہ میں دعوت کے اہداف پر بحث کی گئی ہے۔تیسرا باب، التحديات التى واجهتها الدعوة فى المرحلة المكية و منهج مواجهتها کے عنوان پر مشتمل ہے۔اس باب میں ان مصائب و مشکلات کی تفصیل بیان کی جو دعوت کے اس مرحلہ میں آپ ﷺ اور آپ کے اصحاب کو پیش آئے۔ پوری بحث میں عصری دعوتی تفاسیر مثلا فى ظلال القرآن ،سید قطب شہید، تفسير التحرير والتنوير ،علامہ طاہر بن عاشور، محاسن التاويل، القاسمی سے اخذ و استفادہ کیا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ جدید کتب سیرت مثلا حیات محمد ، محمد حسین ہیکل، محمد رسول اللہ، الصادق عرجون، الرحيق المختوم ،مولانا صفی الرحمٰن مبارک پوری، المنهج الحركى للسيرة النبوية ، منير الغضبان، سے استفادہ کیا ہے۔

مکی دور میں آپ ﷺ کے وسائل دعوت اور مراکز دعوت پر تفصیلی روشنی ڈالی ہے مثلا بیت نبوی اولین دعوتی مرکز تھا۔ اولین اسلام قبول کرنے والے اصحاب رسول ﷺ مثلا حضرت عمار بن یاسرؓ اور آپ کا خاندان ، حضرت صہیب رومیؓ، حضرت ابوبکر صدیقؓ کی دعوت پر اسلام قبول کرنے اصحاب وغیرہ بیت نبوی میں حاضر ہوتے اور آپ کی تربیت سے فیض پاتے۔(۴۶)

(4) ڈاکٹر یٰسین مظہر صدیقی جدید اردو سیرتی ادب میں تحلیلی و تجزیاتی منہج واسلوب کے بانی ہیں۔ڈاکٹر صاحب نے قرآن حکیم، حدیث وسنت، روایات سیرت وتفسیر اور کتب تاریخ سے اخذ واستفادہ کرتے ہوئے سیرت طیبہ کی نئی جہات پر کئی کتب اور مقالات قلم بند کئے ہیں۔آپ نے مکی و مدنی عہد نبوت کے فقہی، معاشرتی ، تمدنی ،معاشی، سیاسی، مذہبی ، دعوتی پہلوؤں پر شاہکار کتب تالیف کیں ہیں۔(۴۷) دعوت نبوی ﷺ کے مراحل ومنہاج کو بھی آپ نے تحقیق کا خصوصی موضوع بنایا ہے۔(۴۸)

آپ کی کتاب "مکی اسوہ نبوی ﷺ مسلم اقلیوں کے مسائل کا حل،،مکی عہد نبوت کی دعوتی تاریخ اور مراحل کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ساتھ ساتھ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے طریق دعوت کو بھی واضح کرتی ہے۔مکی دور میں ’’دعوت کے دو انداز،، کے تحت خفیہ و علانیہ دعوت کی حکمت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

